**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ مالی بازار اور زری انتظام**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**


**ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 13 برائے 2019ء** 06 مئی 2019ء

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے

محترم / محترمہ

**رمضان المبارک کے مہینے میں اسٹیٹ بینک کی شبینہ ریپو / معکوس ریپو سہولتوں سے استفادے کے اوقات**

بحوالہ ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 17 بتاریخ 14 اکتوبر 2011ء جو کہ شرح سود کوریڈور طریقہ کار کے تحت اسٹیٹ بینک کی شبینہ ریپو / معکوس ریپو سہولتوں سے استفادے کے اوقات کے متعلق ہے۔

اس ضمن میں ہدایت کی جاتی ہے کہ رمضان المبارک کے مہینے میں اسٹیٹ بینک کی شبینہ ریپو / معکوس ریپو سہولت (فلور / سیلنگ کی شرح پر) سے استفادے کے خواہش مند بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کے لیے بینک دولت پاکستان کو رقوم سے متعلق آگاہ کرنے کے اوقات درج ذیل ہیں:

| دن | شبینہ ریپو / معکوس ریپو سہولت سے استفادے کے اوقات |
|---|---|
| پیر تا جمعرات | دوپہر ایک بج کر 15 منٹ تا دوپہر 2 بجے |
| جمعہ | دوپہر 12 بج کر 30 منٹ تا دوپہر 1 بجے |

رمضان المبارک کے بعد مذکورہ اوقات خود بخود ماہِ رمضان سے پہلے کے اوقات پر واپس ہو جائیں گے۔ تمام فریقوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ دیے گئے اوقات پر سختی سے عمل کریں۔

تاہم اس موضوع پر دیگر ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

آپ کی مخلص

**(رضوانہ رفعت)**

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر